# 16-02-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ حکومت نے حالیہ طبقاتی سروے میں حصہ نہ لینے والوں کے لئے آج سے ایک اور موقع دیا ہے۔

۲۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر و مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ بی جے پی 27 فروری کو ہونے والے ایم ایل سی چناؤ میں اچھے نتیجے دے گی۔

۳۔جے بی ایس سے میڑچل اور جے بی ایس۔شاہ میر پیٹ راہداری کے لئے میٹرو ریل سروے اور دوسرے تحقیقی کام تیز رفتاری سے چل رہے ہیں۔

اور

۴۔تلنگانہ کے انیمل ہسبنڈری محکمہ نے ریاست میں برڈ فلو کے کیسوں کے بارے میں شکایتیں وصول کرنے کے لئے ہلپ لائن نمبر کھولا ہے۔

URS:

حیدرآباد میں راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ کے قریب واقع درگاہ حضرت بابا شرف الدین سہروردیؒ کا 759 واں عرس کل شروع ہوا جو درگاہ پہاڑی شریف کے نام سے مشہور ہے۔عرس تقاریب ہجری مہینہ شعبان کی 16 تاریخ کو شروع ہوئی اور اگلے ہفتہ تک جاری رہے گی۔ پورے تلنگانہ اور پڑوسی ریاست آندھرا پردیش، مہاراشٹرا اور کرناٹک سے تقریباً 2 لاکھ لوگوں کی عرس میں شرکت کی توقع ہے۔

TEMPERATURE:

حیدرآباد میں پہلی مرتبہ فروری کے مہینہ میں درجہ حرارت 40 ڈگری کو چھونے کا امکان ہے۔ عام طور پر فروری میں درجہ حرارت 33 سے 36 ڈگری سلسیس ہوتا ہے لیکن اس سال جاریہ مہینہ میں وہ 40 ڈگری کو چھوئے گا۔پچھلے سال فروری میں سب سے زیادہ درجہ حرارت 35.2 ریکارڈ کیا گیا تھا۔اسٹیٹ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی نے یہ بات بتائی۔

DIED:

بزرگ اداکارہ اور پروڈیوسر کرشناوینی کا 100 سال کی عمر میں آج حیدرآباد میں انتقال ہوا۔کرشناوینی نے فلم انڈسٹری میں داخل ہونے سے پہلے ڈرامہ آرٹس کے طور پر اپنا کیریئر شروع کیا تھا۔انہوں نے 1936ء کی فلم ستی اَناسویا میں چائلڈ آرٹس کی حیثیت سے اپنی فلمی زندگی کا آغاز کیا تھا۔ بعد میں انہوں نے چینائی میں اپنے شوہر پروڈیکشن کمپنی شوبھانا چلا کو سنبھالا،

جہاں انہوں نے فلمی انڈسٹری کے کئی عظیم اداکاروں کو پیش کیا۔ انہوں نے عظیم اداکار نندموری تارک راما راؤ اور سدا بہار گلوکار گھنٹا شالا بالا رامیا کو منا دیشم کے ساتھ لانچ کیا جو ایک بنگالی ناول وِپراداس پر مبنی فلم تھی۔ ایک اور مشہور اداکارہ اَکینینی ناگیشور راؤ کو بھی انہوں نے کیروگُرم کے ذریعہ پیش کیا۔ اداکارہ کی حیثیت سے ان کی اہم فلموں میں 1939ء مَلی پلی 1942ء بھکتاپرہلادا، 1944ء کی بھیشما، 1947ء کی برہمارتم اور 1947ء کی گُلا بھاما شامل ہیں۔

NETANNA:

یادادری بھونگیر ضلع کی پوچم پلی حدود میں نیٹنا سیونگ اسکیم کے لئے 3 ہزار 176 درخواستیں وصول ہوئیں۔ ہینڈلوم اینڈ ٹکسٹائلز محکمہ کے اے ڈی او اور ہینڈلوم کوآپریٹیو سوسائٹی کے پرسن انچارج سرینواس راؤ نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ درخواستیں وصول کرنے کی مہلت کل ختم ہوگئی۔

RYTU BHAROSA:

ونپرتی ضلع کے کسان اس بات سے بڑے خوش ہیں کہ رعیّتو بھروسہ اسکیم پر ریاستی حکومت کی طرف سے عمل آوری ان کے لئے بہت مددگار ثابت ہورہی ہے۔ آکاش وانی سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے حکومت سے درخواست کی کہ وہ ہر فصل کے لئے کم سے کم امداد کا اعلان کرے اور رعایتی شرحوں پر زرعی آلات فراہم کرے۔

JATARA:

سوریہ پیٹ ضلع میں مشہور دُرجا پلی پداگٹو جاترا شروع ہوئی۔ آج رات روایتی لباس میں یاتری سروں پر بونالو رکھتے ہوئے پہاڑ پر چڑھیں گے۔

VEMULAWADA:

آرٹی سی کے ریجنل منیجر راجو نے اعلان کیا ہے کہ سابقہ ضلع کریم نگر کے 11 ڈپوس سے مہا شیوراتری کے لئے 778 خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔ یہ یاترا راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ میں سری راجا راجیشورا سوامی مندر میں 25 سے 27 تاریخ تک نکالی جانے والی ہے۔

ACB:

اے سی بی کے ڈائرکٹر جنرل وجئے کمار نے اے سی بی کی آڑ میں بعض سرکاری ملازمین سے پیسہ بٹورنے کے واقعات پر ردِعمل ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے ملازمین سے کہا کہ اگر کوئی انہیں دھمکاتا ہے یا پیسے مانگتا ہے تو وہ اے سی بی کو خبر کریں۔

KISHAN REDDY:

تلنگانہ بی جے پی کے صدر اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ بی جے پی 17 فروری کو ریاست میں ہونے والے ایم ایل سی چناؤ میں اچھے نتیجہ حاصل کرے گی۔ ہنمکنڈہ میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وعدہ پورے نہ کرنے پر بی آر ایس اور کانگریس دونوں پر تنقید کی اور کہا کہ بی جے پی ٹیچرس، گریجویٹس اور ملازمین کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام میں ایک سال بعد ہی کانگریس حکومت سے ناراضگی بڑھنے لگی ہے۔ کسان، مزدور، نوجوان اور ملازمین چناؤ میں دی گئی ضمانتوں پر عمل میں کمی کے لئے جھنجھلاہٹ کا شکار ہے۔ قانون ساز کونسل میں بی جے پی کے رول کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس اور کانگریس دونوں نے دلبدلو ارکان کو بڑی تعداد بھیجتے ہوئے کونسل کی اہمیت کو گھٹایا ہے۔

ARREST:

سائبر آباد کی معاشی جرائم شاخ نے 850 کروڑ روپے کی مالی دھوکہ دہی اسکیم کے سلسلہ میں دو لوگوں کو گرفتار کیا ہے جس کا تعلق فالکن انوائز دسکاؤنٹنگ پلیٹ فارم سے ہے۔ ملزمین نے ایسا الزام ہے کہ عوام کو دھوکہ دیتے ہوئے انہیں زیادہ منافع کے وعدہ کے ساتھ چھوٹی مدت کے ڈپازٹ کے لئے راضی کیا۔ ملزمین نے ایک موبائل اپلی کیشن اور ویب سائٹ شروع کی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ وہ ڈپازیٹرس کو بریٹانیا، ایمیزان اور گدریج جیسی مشہور کمپنیوں سے جوڑیں گے۔ ملزمین 2021ء سے کام کررہے تھے اور نئے ڈپازیٹرس کو راغب کررہے تھے۔ جمع ہونے والے فنڈس کو وہ فرضی کمپنیوں کی طرف موڑ دیتے تھے۔ 15 جنوری 2025ء تک انہوں نے لوگوں کو دھوکہ دیا۔ سائبر آباد پولیس نے عوام سے کہا کہ وہ زیادہ فائدے کا وعدہ کرنے والی اسکیموں میں رقم لگاتے ہوئے احتیاط سے کام لیں۔ سرمایہ کاروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ سیبی اور آر بی آئی جیسے ریگولیٹری اداروں سے مالیاتی کمپنیوں کی جانچ کرلیں۔

CENSUS:

تلنگانہ حکومت نے حالیہ طبقاتی سروے میں حصہ نہ لینے والوں کے لئے ایک اور موقع دیا ہے۔ آج سے 28 تاریخ تک شہری 040-21111111 پر کال کرسکتے ہیں۔ عہدیدار ضروری تفصیلات حاصل کرنے کے لئے ان کے گھر آئیں گے۔ حکومت نے یہ بھی کہا ہے کہ عوام ایم پی ڈی او اور وارڈ آفس پر اپنی تفصیلات درج کرواسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ویب سائٹ پر فام بھرتے ہوئے بھی سروے میں حصہ لیا جاسکتا ہے۔

METRO:

جے بی ایس سے میڑچل 24 کلومیٹر اور جے بی ایس سے شاہ میر پیٹ 21 کلومیٹر راہداری کے لئے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ کی تیاری کے لئے درکار میٹرو ریل سروے اور دوسرا تحقیقی کام تیز رفتاری سے جاری ہے۔ میٹرو ریل مینجنگ ڈائرکٹر این وی ایس ریڈی نے یہ بات بتائی۔ ڈی پی آر کی تیاری، ٹرافک سروے، سوائل ٹیسٹنگ اور ماحولیاتی اثرات کے جائزہ کے لئے 3 تحقیقی سروے ضروری ہے۔ ان میں سے میڑچل روٹ پر 14 ٹسٹ اور شاہ میر پیٹ روٹ پر 11 ٹسٹ کر لئے گئے ہیں۔ مہینہ کے ختم تک دوسرے ٹسٹ کر لئے جائیں گے۔ ریڈی نے بتایا کہ کام مکمل ہونے کے بعد رپورٹس مارچ کے ختم تک ریاستی حکومت کو پیش کی جائے گی۔

BIRD FLU:

پڑوسی ریاستوں میں برڈ فلو پھیلنے کے مدنظر تلنگانہ کے انیمل ہسبنڈری محکمہ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر گوپی نے اعلان کیا ہے کہ محکمہ نے ریاست میں برڈ فلو کیسوں کے بارے میں شکایتیں وصول کرنے کے لئے ہلپ لائن نمبر 9100797300 دستیاب کرایا ہے۔ انہوں نے عوام سے خواہش کی کہ وہ دیہاتوں اور پولٹری فارمس میں پولٹری اموات کے واقعات کی خبر واٹس ایپ کے ذریعہ دیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلہ میں عوام کو بیدار کرنے کے لئے اس سلسلہ میں عوام کو بیدار کرنے کے لئے ایک بیداری پروگرام شروع کیا گیا ہے۔

PCC

پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے یوتھ کانگریس لیڈرس اور محکموں سے کہا ہے کہ وہ مجالس مقامی چناؤ کی تیاری کرے۔ انہوں نے مہیشورم منڈل کے گاؤں گڈوپلی میں یوتھ کانگریس کے تین روزہ تربیتی پروگرام کا افتتاح کیا۔ انہوں نے نوجوان کانگریس لیڈرس اور کارکنوں سے کہا کہ وہ عوام میں کانگریس حکومت کے ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں کو پھیلائیں۔

KTR:

آئی ٹی اور صنعتوں کے سابق وزیر اور بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کو انٹر پرونور کی طرف سے رکھے جانے والے باوقار ٹیک اینڈ انوویشن سمٹ میں کلیدی خطاب کے لئے مہمان خصوصی کی حیثیت سے دعوت دی گئی ہے۔ یہ سمٹ 27 اور 28 فروری کو بنگلور میں ہونے والا ہے۔ پہلے دن کے ٹی آر رائیونگ ڈیجیٹل انڈیا کے موضوع پر خطاب کریں گے۔

○○